ہندونیپال کی سرحد پر رشد و ہدایت اور تعلیم و تبلیغ کی عظیم درس گاہ

جامعۃ القاسم دار العلوم الاسلامیہ مدھوبنی وایا پرتاپ گنج ضلع سپول بہار، الہند

Jamiatul Qasim Darul Uloom-il- Islamia

Ref. No. __________ الرقم __________

Date __________ التاریخ __________

پندرہویں صدی کے امیر المومنین فی الحدیث، استاذ گرامی قدر شیخ الحدیث

حضرت مولانا محمد یونس جونپوری رحمہ اللہ کی وفات میرے لئے سوہان روح

مخدوم ومکرم، گرامی قدر حضرت الاستاذ مولانا محمد سلمان مظاہری دامت الطافہم ناظم جامعہ مظاہر علوم سہارنپور

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خدا کرے کہ مزاج گرامی بعافیت ہوں، الحمدللہ بفضل ربی حضرت والا کی دعا سے اچھا ہوں

پندرہویں صدی کے امیر المومنین فی الحدیث، شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد یونس جونپوری رحمۃ اللہ میرے مربی، میرے استاذ اور عظیم محسن تھے، میری کامیابی ان کی دعاؤں، نوازشوں، خصوصی توجہات اور حسن تعلیم وتربیت کا نتیجہ ہے، ان کی وفات میرے لئے سوہان روح اور شدید رنج وغم کی باعث ہے۔

حضرت شیخ باکمال محدث، اپنے اسلاف کی عظیم یادگار، محدث عصر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلویؒ کے سچے جانشیں اور قابل رشک شاگرد تھے، بخاری شریف کے بے مثال شارح، امیر المومنین فی الحدیث محمد بن اسماعیل بخاریؒ کی صحیح بخاری کے عملی ترجمان اور عصر حاضر کے امیر المومنین فی الحدیث تھے، آپ کی ذات سراپا مربی ومحسن کی تھی، زہد وتقوی کے امام تھے، آپ کی حیثیت عظیم نورانی وروحانی پیشوا کی تھی، خودداری آپ کی شناخت تھی، متانت وسنجیدگی کے سراپا پیکر تھے، جو رعب ودبدبہ آپ کی ذات میں نظر آتا تھا دنیا کے عظیم بادشاہوں کے دربار میں بھی اس کی کوئی جھلک نہیں ملتی ہے، عجم سے لیکر عرب تک علم حدیث میں آپ کی شخصیت مسلم اور قابل تقلید تھی، صرف برصغیر نہیں بلکہ عرب علماء بھی آپ سے سند حدیث حاصل کرنا اپنی علمی کامیابی اور خوش نصیبی سمجھتے تھے۔ حضرت شیخ کی وفات کی شکل میں مادر علمی جامعہ مظاہر علوم سہارنپور نے اپنا بہت بڑا قیمتی سرمایہ اور بیش بہا خزانہ کھودیا ہے جس کی تلافی مستقبل قریب میں ناممکن ہے۔

رنج وغم کی اس اندوہناک گھڑی میں استاذ گرامی قدر حضرت اقدس مولانا محمد عاقل صاحب مظاہری محدث وصدر المدرسین جامعہ مظاہر علوم سہارنپور۔ خلف الرشید حضرت اقدس مولانا محمد طلحہ کاندھلوی مدظلہ العالی جانشین شیخ الحدیث حضرت اقدس مولانا محمد زکریا کاندھلوی سے اظہار تعزیت کرتے ہیں، اس غم میں ہم برابر کے شریک ہیں اور حضرت الاستاذ کی بلندی درجات کیلئے دعا گو ہیں۔

رفتہ رفتہ اٹھ رہی ہیں ہستیاں بے نظیر
دل کا شاد بڑھتا جارہا ہے پیہم اضطراب

فقط والسلام

آپ کا خیر اندیش

محتاج دعاء

بندہ مفتی محفوظ الرحمٰن عثمانی

بانی ومہتمم جامعۃ القاسم دار العلوم الاسلامیہ سپول بہار (الہند)

خلیفہ ومجاز: ہندوستان میں سرمایہ ملت کے پاسبان حضرت اقدس مولانا محمد سالم قاسمی مدظلہ العالی جانشین شیخ العرب والعجم

علماء دیوبند کے ترجمان حضرت مولانا قاری محمد طیب رحمہ اللہ مہتمم دار العلوم دیوبند

19 شوال المکرم 1438 ہجری۔ مطابق 14 جولائی 2017 عیسوی

جامعۃ القاسم دار العلوم الاسلامیہ
Madhubani, Partap Ganj
Estd. 1409 H. 1989 M.
Trust Regd. No. 22473
Supaul, Bihar (India)
JAMIATUL QASIM DARUL ULOOM-IL-ISLAMIA

At & P.O. Madhubani, G.P.O. Partap Ganj, Distt. Supaul-852125 Bihar (INDIA)
Jamia Ph.: +91-9523475151, 9931906068
Delhi Office: Ph.: +91-11-26981876, 26982907 **Mob:** 91-9811125434
E-mail: jamiatulqasim@yahoo.com *Web.: www.jamiatulqasim.com*
Estd. 1409H. 1989M. Trust Regd. No. 22473
Run by: Imam Quasim Islamic Educational Welfare Trust India